22918- مسجد کے آخر میں امام کے ساتھ سجدہ تلاوت کیا اور پھر صف میں آکر نماز میں شامل ہوگیا

سوال

ایک شخص مسجد مسجد بہت بڑی تھی میں داخل ہوا تو امام قرآت کر رہا تھا حتی کہ سجدہ کی آیت پر پہنچا تو امام نے سجدہ کیا اور اس شخص نے دیکھا کہ اگر تو صف تک پہنچتا ہے تو وہ امام کے ساتھ سجدہ نہیں کر سکتا، تو اس مسجد کے پچھلے حصہ میں ہی سجدہ کر لیا اور پھر اٹھ کر صف میں جا کر امام کے ساتھ نماز میں شامل ہوگیا، تو کیا اس کا یہ فعل صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

"اس کے لیے ایسا
کرنا مشروع نہیں، لیکن اگر وہ امام کی قرآت سن رہا ہو اور اس کا مقصد بھی سماعت ہو
تو پھر وہ امام کے ساتھ سجدہ کرے گا چاہے وہ امام کے پیچھے نماز نہ بھی ادا کر رہا
ہو.

لیکن اگر وہ مقتدی ہے اور وہ امام کے
ساتھ ملنا چاہتا ہے تو اس عمل کی کوئی وجہ نہیں ہے" اھ.